علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

وارننگ

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اُردو غزل (9012) سمسٹر: بہار 2026

سطح: بی ایس اُردو

(ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1تا5)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ ایہام گوئی کا چلن محمد شاہی عہد میں پھلتا پھولتا دکھائی دیتا ہے۔ آپ کے خیال میں اس کی کیا وجوہات ہیں؟ جواب دیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ اردو غزل کی تاریخ میں ولی کا مقام و مرتبہ متعین کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ میر کی شاعری کی خصوصیات پر ایک مفصل مضمون قلم بند کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ کیا یہ صحیح ہے کہ تاثیر اور دردمندی کے اعتبار سے آتش کی غزل کے بہت سے اشعار میر کے ہم پلہ ہیں؟ (20)

سوال نمبر 5۔ عہد غالب کی غزل کے حوالے سے تفصیلی نوٹ لکھیے اور مثالیں بھی پیش کیجیے۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 6تا9)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ حکیم مومن خان مومن کی شاعری میں الفاظ کا ایک ایسا طلسم ہے، جس سے قاری مسحور ہوئے بغیر نہیں رہتا، بحث کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ حالی کی قدیم غزلیں کن خصوصیات کی حامل ہیں؟ تفصیل سے جواب دیجیے اور نمونے کے طور پر اشعار بھی پیش کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ حسرت موہانی کی غزل نے جدید غزل کو جن رجحانات سے آشنا کیا ہے، ان پر روشنی ڈالیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ فراق کی شاعری میں عشقیہ کیفیات کا ویسا اظہار نہیں جیسا ان کے معاصرین وماقبل شعرا کے ہاں دکھائی دیتا ہے۔ بحث کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ ناصر کی غزل میں اپنے عہد کی ویرانی و انتشار کے مناظر بہت نمایاں ہیں۔ آپ کے خیال میں اس کی کیا وجوہات ہیں؟ (20)